## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON MARITIME AFFAIRS ON "THE PAKISTAN NATIONAL SHIPPING CORPORATION (AMENDMENT) BILL, 2023".

I, Chairman of the Standing Committee on Maritime Affairs have the honor to present this report on the Bill, further to amend the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979) [The Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Bill, 2023] (Ordinance No III of 2023) referred to the Committee on 15th March, 2024.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| (1). | **Mr. Bilal Azhar Kiyani** | **Chairman** |
| (2). | Syed Naveed Qamar | Member |
| (3) | Syed Amin-ul-Haq | Member |
| (4). | Mr. Noor Alam Khan | Member |
| (5). | Mr. Gohar Ali Khan | Member |
| (6). | Mr. Muhammad Awn Saqlain | Member |
| (7). | Mr. Hussain Ellahi | Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the Assembly placed at Annex-A, in its meeting held on 06-06-2024 and proposed the following amendments, therein: -

**(1)** **Clause 2**

In clause 2, in paragraph (c) for the expression "clause (i)", the expression "clause (j)" shall be substituted.

**(2)** **Clause 4**

Far clause 4 the following shall be substituted, namely: –

"**4. Substitution of section 14, Ordinance XX of 1979.**- In the said ordinance, for section 14, the following shall be substituted, namely:-

"**14. Board.** - (1) The Board shall consist of:–

| S. No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| (a) | A person of eminence and known integrity to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Chairperson (independent director) |

| | | |
|---|---|---|
| (b) | Additional Secretary of the division to which business of finances of the Federal Government stands allocated | Ex-Officio Director |
| (c) | Additional secretary of the division to which business of the Corporation is allocated | Ex-Officio Director |
| (d) | Chief executive officer of the Corporation | Director (chief executive officer) |
| (e) | Two directors to be elected by the minority shareholders in the prescribed manner | Directors (private shareholders) |
| (f) | Five independent directors of known integrity and eminence to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Independent Directors |

(2) There shall be a secretary of the Board to be appointed in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed.

(3) The directors, other than the ex-officio directors, shall be appointed by the Federal Government and the directors under clause (e) of sub-section (1) shall be elected by the shareholders.

(4) Subject to section 12 of the SOE Act, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, increase or decrease the number of directors of the Board subject to having the independent members in majority and that the quorum shall be adjusted accordingly.

(5) No person shall be qualified to be elected as a director under clause (e) of sub-section (1) unless he holds in his own name ten thousand shares of the Corporation.".

**(3)** **<u>Insertion of new clause</u>**

After clause 4, the following new clause 5, shall be inserted and the remaining clauses shall be renumbered accordingly, namely:-

"**5. Amendment of section 15, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, in section 15, in sub-section (1), in the proviso, after the words "or otherwise", the expression "subject to section 13 of the SOE Act," shall be inserted."

**(4)** **<u>Clause 6</u>**

For clause 6, renumbered as clause-7 following shall be substituted, namely:-

"7. **Amendment of section 18, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, for section 18, the following shall be substituted, namely:–

"18. **Chief Executive Officer.**– (1) There shall be a Chief Executive Officer of the Corporation who shall be appointed by the Federal Government from amongst three candidates recommended by the Board with a three-fourth majority which shall include the vote of the ex-officio director of the division to which business of the Corporation is allocated.

(2) The Board shall devise a transparent, competitive and objective procedure for scrutiny, short listing and interview of the applicants.

(3) The terms and conditions of the appointment of the Chief Executive Officer shall be determined by the Board.

(4) The Chief Executive Officer of the Corporation shall be appointed for a term of three years on a performance-based contract, extendable by another two years on demonstration of substantial satisfactory performance.

(5) The annual performance review of the Chief Executive Officer shall be undertaken by the Board.

(6) The Chief Executive Officer, once appointed, shall not be removed by the Federal Government before the completion of his term except on the recommendation of the Board, which recommendation shall set out just cause for recommending the removal.".

(5) Clause 7

For clause 7, renumbered clause 8, the following shall be substituted, namely:-

**"8. Substitution of section 19, Ordinance XX of 1979.** – In the said Ordinance, for section 19, the following shall be substituted, namely:–

**"19. Powers and functions of Chief Executive Officer.**– Subject to the provisions of the SOE Act, including section 15 thereof, the Chief Executive Officer shall exercise such powers and perform such functions as provided for in this Ordinance and rules and regulations made thereunder.".

(6) Clause-8

For clause 8, renumbered as clause 9, the following shall be substituted, namely:-

"**9. Substitution of section 20, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, for section 20, the following shall be substituted, namely:–

"**20. Functions of the Chief Executive Officer.**– The Chief Executive Officer shall–

(a) be responsible for the management of the Corporation and for its procedures in financial and other matters under delegation from the Board and subject to the oversight and directions of the Board;

(b) ensure the proper implementation of strategies and policies approved by the Board; and

(c) put in place appropriate arrangements to ensure that funds and resources are properly safeguarded and are used economically, efficiently and effectively and in accordance with the Corporation's business plan, the primary objective of the Corporation and all other statutory obligations.".

**(7)** **Clause-10**

**For clause 10, renumbered clause 11, the following shall be substituted,** namely:-

"**11. Substitution of section 23, Ordinance XX of 1979.** –In the said Ordinance, for section 23, the following shall be substituted, namely: –

"**23. Meetings of the Board.**– Subject to the provisions of the SOE Act, including section 22 thereof, the quorum of a Board's meeting shall not be less than six members, including not less than three independent directors and one ex-officio director, present personally or through video-link.".

**(8)** **Omission of clauses 11 and 12**

Existing clauses 11 and 12 shall be omitted.

**4.** The Committee recommended that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **Annex-B**, may be passed by the National Assembly.

| | |
|---|---|
| **Sd/-** | **Sd/-** |
| **( TAHIR HUSSAIN )** | **(BILAL AZHAR KIANI)** |
| Secretary General | Chairman |
| Islamabad, the 7th June, 2024 | Standing Committee on Maritime Affairs |

Annex-A

# [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

ORDINANCE NO. III OF 2023

AN

ORDINANCE

*further to amend the National Shipping Corporation Ordinance, 1979*

WHEREAS, it is expedient further to amend the National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS, the National Assembly stands dissolved and the Senate is not in session and the President of the Islamic Republic of Pakistan is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President of the Islamic Republic of Pakistan is pleased to make and promulgate the following Ordinance:—

1. **Short title and commencement.**—(1) This Ordinance shall be called the Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Ordinance XX of 1979.**—In the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979), hereinafter called as the said Ordinance, in section 2, —

(a) in clause(c), for the word "Chairman," wherever occurring, the word "Chairperson" shall be substituted;

(b) after clause (i), the following new clause shall be inserted, namely:— "(ia) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Government and Operations) Act, 2023 (VII of 2023);" and

(c) clause (i) shall be omitted.

3. **Amendment of section 3, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, in section 3,—

(a) the existing provision shall be numbered as sub-section (1) thereof; and

(b) after sub-section (1), numbered as aforesaid, the following new sub-section shall be added, namely:—

"(2) Notwithstanding anything contained in sub-section (1) and any other provision of this Ordinance, the SOE Act, including sections 12,15,16,19 and 22 thereof, shall apply to the provisions of this Ordinance and in case of any inconsistency between the provisions of this Ordinance and the SOE Act, the provisions of the SOE Act shall prevail.".

4. **Substitution of section 14, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, for section 14, the following shall be substituted, namely:—

"**14. Board.** - (1) The Board shall consist of—

| S. No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| (a) | A person of eminence and known integrity to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Chairperson (independent) |
| (b) | Additional Secretary of the division to which business of finances of the Federal Government stands allocated | Nominee Director |
| (c) | Additional secretary of the division to which business of this Ordinance stands allocated | Nominee Director |
| (d) | Chief executive officer of the Corporation | Director (chief executive officer) |
| (e) | Two directors to be elected by the shareholders in the prescribed manner | Directors (Private shareholders) |
| (f) | Four independent directors of known integrity and eminence to be Appointed by the Federal Government | Independent Directors |

(2) There shall be a secretary of the Board to be appointed in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed.

(3) The directors, other than the *nominee directors*, shall be appointed by the Federal Government and the directors under clause (e) of sub-section (1) shall be elected by the shareholders.

(4) Subject to section 12 of the SOE Act, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, increase or decrease the number of directors of the Board.

(5) No person shall be qualified to be elected as a director under clause (e) of sub-section (1) unless he holds in his own name ten thousand shares of the Corporation.".

5. **Amendment of section 17, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, in section 17, in clause (g), for the word "Chairman", the word "Chairperson" shall be substituted.

6. **Substitution of section 18, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, or section 18, the following shall be substituted, namely:—

"18. **Chief executive officer.**—There shall be a chief executive officer of the Corporation who shall, subject to section 16 of the SOE Act, be appointed

by the Federal Government on such terms and conditions as defined in Third Schedule.".

7. **Substitution of section 19, Ordinance XX of 1979.**—In section 19 is hereby omitted and shall be substituted as follows.

"19. **Powers and functions of chief executive officer.**—Subject to the provisions of the SOE Act, including section 15 thereof, the chief executive officer shall exercise such powers and perform such functions as provided for in this Ordinance and as delegated by the Board.".

8. **Substitution of section 20, Ordinance XX of 1979.**—In Section 20, the following shall be substituted, namely:—

"20. **Chief Executive Officer.**—(1) Subject to the provisions of the SOE Act, the Federal Government shall, from among three candidates recommended by the Board and in accordance with the procedure set out in the Third Schedule, appoint a Chief Executive Officer of the Corporation:

Provided that the procedure for shortlisting of three candidates for the position of Chief Executive Officer as set out in Third Schedule may be amended by the Federal Government:

Provided further that the Chief Executive Officer, once appointed, shall not be removed by the Federal Government before the completion of his tenure, except on the recommendation of the Board, which recommendations shall set out just cause for recommending the removal,

(2) **The Chief Executive Officer shall,–**

(a) be responsible for the management of the Corporation and for its procedures in financial and other matters under delegation from the Board and subject to the oversight and directions of the Board;

(b) ensure the proper implementation of strategies and policies approved by the Board; and

(c) put in place appropriate arrangements to ensure that funds and resources are properly safeguarded and are used economically, efficiently and effectively and in accordance with the Corporation's business plan, the primary objective of the Corporation and all other statutory obligations.".

9. **Amendment of section 22, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, in section 22,—

(a) in sub-section (1), in clause (a), for the expression "Chairman, the Vice- Chairman", the expression "chief executive officer" shall be substituted;

(b) in sub-section (2),—

(i) for the word "Chairman," the words "chief executive officer" shall be substituted; and

(ii) the expression "the Vice-Chairman or to" shall be omitted.

10. **Substitution of section 23, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, for section 23, the following shall be substituted, namely: —

"23. **Meetings of the Board.**—Subject to the provisions of the SOE Act, including section 22 thereof, the meetings of the Board shall be held in the manner as may prescribed by regulations.".

11. **Substitution of section 40, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, for section 40, the following shall be substituted, namely:—

"40. **Removal of difficulties.**—If a difficulty arises in giving effect/any of the provisions of this Ordinance, the Federal Government may make such order, not inconsistent with the provisions of the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979) and the State-Owned Enterprises (Government and Operations) Act, 2023 (VII of 2023), as may appear to be necessary for the purpose of removing the difficulty.".

12. **Addition of Third Schedule, Ordinance XX of 1979.**—In the said Ordinance, after the Second Schedule, the following new Schedule shall be added, namely:—

**"THIRD SCHEDULE**
(see section 20)

1. The Chief Executive Officer of the Corporation shall be appointed for a term of three years on a performance-based contract, extendable by another two years term on demonstration of substantial satisfactory performance.

2. The annual performance review of the Chief Executive Officer shall be undertaken by the Board.

3. The Board shall initiate a search for a candidate as Chief Executive Officer at least three months before a vacancy in the office of the Chief Executive Officer is due to occur and may,—

(a) appoint a head-hunting firm to identify candidates;

(b) request applicants through publishing newspaper advertisement; or

(c) request individual candidates to apply.

4. The Board shall adopt a transparent and objective procedure for scrutiny and shortlisting of the applicants. The shortlisted candidates shall be interviewed by the Board to identify three potential candidates for the position of Chief Executive Officer.

5. The final list of three shortlisted candidates in order of seniority shall be sent to the division concerned for approval of the Federal Government of one candidate as Chief Executive Officer of the Corporation.

6. The terms and conditions for the post of Chief Executive Officer shall be decided by the Board with a three-fourth majority which shall include the vote of nominee directors.".

---

## Statement of Objects and Reasons

The Pakistan National Shipping Corporation (PNSC) was established under the PNSC Ordinance, 1979. After the promulgation of the State-Owned Enterprises (Governance & Operations) Act, 2023, it is mandatory to extend the application of the Act ibid to PNSC and align the PNSC Ordinance accordingly. The powers of the Federal Government envisaged in the Act ibid have been included in the proposed Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023.

In view of the above, it is proposed that amendments may be promulgated in Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 for smooth running of official business of Pakistan National Shipping Corporation, Karachi.

**Minister-in-charge**

Annex-B

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

## A
## Bill

*further to amend the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979), in the manner and for the purposes hereinafter appearing.

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.** – (1) This Act shall be called the Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 2, Ordinance XX of 1979.**– In the Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 (XX of 1979), hereinafter called as the said Ordinance, in section 2,-

(a) in clause (c), for the word "Chairman", wherever occurring, the word "Chairperson" shall be substituted;

(b) after clause (i), the following new clause shall be inserted, namely: -

"(ia) "SOE Act" means the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 (VII of 2023);" and

(c) clause (j) shall be omitted.

**3. Amendment of section 3, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, in section 3, –

(a) the existing provision shall be numbered as sub-section (1) thereof; and

(b) after sub-section (1), numbered as aforesaid, the following new sub-section shall be added, namely: –

"(2) Notwithstanding anything contained in sub-section (1) and any other provision of this Ordinance, the SOE Act, including sections 12,

15, 16, 19 and 22 thereof, shall apply to the provisions of this Ordinance and in case of any inconsistency between the provisions of this Ordinance and the SOE Act, the provisions of the SOE Act shall prevail.".

**4. Substitution of section 14, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, for section 14, the following shall be substituted, namely: –

"**14. Board.** - (1) The Board shall consist of:–

| S. No. | Membership | Status |
|---|---|---|
| (1) | (2) | (3) |
| (a) | A person of eminence and known integrity to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Chairperson (independent director) |
| (b) | Additional Secretary of the division to which business of finances of the Federal Government stands allocated | Ex-Officio Director |
| (c) | Additional secretary of the division to which business of the Corporation is allocated | Ex-Officio Director |
| (d) | Chief executive officer of the Corporation | Director (chief executive officer) |
| (e) | Two directors to be elected by the minority shareholders in the prescribed manner | Directors (private shareholders) |
| (f) | Five independent directors of known integrity and eminence to be appointed by the Federal Government in accordance with the SOE Act | Independent Directors |

(2) There shall be a secretary of the Board to be appointed in such manner and on such terms and conditions as may be prescribed.

(3) The directors, other than the ex-officio directors, shall be appointed by the Federal Government and the directors under clause (e) of sub-section (1) shall be elected by the shareholders.

(4) Subject to section 12 of the SOE Act, the Federal Government may, by notification in the official Gazette, increase or decrease the number of directors of the Board subject to having the independent members in majority and that the quorum shall be adjusted accordingly.

(5) No person shall be qualified to be elected as a director under clause (e) of sub-section (1) unless he holds in his own name ten thousand shares of the Corporation.".

**5. Amendment of section 15, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, in section 15, in sub-section (1), in the proviso, after the words "or otherwise", the expression "subject to section 13 of the SOE Act," shall be inserted.

**6. Amendment of section 17, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, in section 17, in clause (g), for the word "Chairman", the word "Chairperson" shall be substituted.

**7. Amendment of section 18, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, for section 18, the following shall be substituted, namely:–

"**18. Chief Executive Officer.**– (1) There shall be a Chief Executive Officer of the Corporation who shall be appointed by the Federal Government from amongst three candidates recommended by the Board with a three-fourth majority which shall include the vote of the ex-officio director of the division to which business of the Corporation is allocated.

(2) The Board shall devise a transparent, competitive and objective procedure for scrutiny, short listing and interview of the applicants.

(3) The terms and conditions of the appointment of the Chief Executive Officer shall be determined by the Board.

(4) The Chief Executive Officer of the Corporation shall be appointed for a term of three years on a performance-based contract, extendable by another two years on demonstration of substantial satisfactory performance.

(5) The annual performance review of the Chief Executive Officer shall be undertaken by the Board.

(6) The Chief Executive Officer, once appointed, shall not be removed by the Federal Government before the completion of his term except on the

recommendation of the Board, which recommendation shall set out just cause for recommending the removal.".

8. **Substitution of section 19, Ordinance XX of 1979.** – In the said Ordinance, for section 19, the following shall be substituted, namely: –

"19. **Powers and functions of Chief Executive Officer.**– Subject to the provisions of the SOE Act, including section 15 thereof, the Chief Executive Officer shall exercise such powers and perform such functions as provided for in this Ordinance and rules and regulations made thereunder.".

9. **Substitution of section 20, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, for section 20, the following shall be substituted, namely:–

"20. **Functions of the Chief Executive Officer.**– The Chief Executive Officer shall–

(a) be responsible for the management of the Corporation and for its procedures in financial and other matters under delegation from the Board and subject to the oversight and directions of the Board;

(b) ensure the proper implementation of strategies and policies approved by the Board; and

(c) put in place appropriate arrangements to ensure that funds and resources are properly safeguarded and are used economically, efficiently and effectively and in accordance with the Corporation's business plan, the primary objective of the Corporation and all other statutory obligations.".

10. **Amendment of section 22, Ordinance XX of 1979.**– In the said Ordinance, in section 22, –

(a) in sub-section (1), in clause (a), for the expression "Chairman, the Vice-Chairman", the expression "Chief Executive Officer" shall be substituted; and

(b) in sub-section (2), –

(i) for the word "Chairman", the words "Chief Executive Officer" shall be substituted; and

(ii) the expression "the Vice-Chairman or to" shall be omitted.

11. **Substitution of section 23, Ordinance XX of 1979.** –In the said Ordinance, for section 23, the following shall be substituted, namely: –

> "**23. Meetings of the Board.**– Subject to the provisions of the SOE Act, including section 22 thereof, the quorum of a Board's meeting shall not be less than six members, including not less than three independent directors and one ex-officio director, present personally or through video-link.".

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Pakistan National Shipping Corporation (PNSC) was established under the PNSC Ordinance, 1979. After the enactment of the State-Owned Enterprises (Governance & Operations) Act, 2023, it is mandatory to extend the application of the Act ibid to PNSC and align the PNSC Ordinance accordingly. The powers of the Federal Government envisaged in the Act ibid have been included in the proposed Pakistan National Shipping Corporation (Amendment) Ordinance, 2023.

In view of the above, it is proposed that amendments may be made in Pakistan National Shipping Corporation Ordinance, 1979 for smooth running of official business of Pakistan National Shipping Corporation, Karachi.

**Sd/-**

**(MINISTER IN-CHARGE)**

[illegible] will be notified.

(i) [illegible] Ordinance No. [illegible] of 197[illegible], the Ordinance [illegible] matter.

(c) Meeting of the [illegible] of the State Act [illegible] will not be [illegible] other than [illegible] Directors [illegible].

[illegible]

The [illegible] Pakistan National Shipping Corporation (PNSC) [illegible] was established under the [illegible] 1979 [illegible] of the [illegible] the [illegible] of the [illegible] of the Federal Government [illegible] the present Pakistan National Shipping [illegible].

In [illegible] was made in [illegible] of official [illegible].

[illegible]

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## "پاکستان قومی جہازرانی کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء" پر قائمہ کمیٹی برائے بحری امور کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بحری امور ۱۵ مارچ، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ پاکستان قومی جہازرانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [پاکستان قومی جہازرانی کارپوریشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] (آرڈیننس نمبر ۳ بابت ۲۰۲۳ء) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **جناب بلال اظہر کیانی** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۳۔ | سید امین الحق | رکن |
| ۴۔ | جناب نور عالم خان | رکن |
| ۵۔ | جناب گوہر علی خان | رکن |
| ۶۔ | جناب محمد عون ثقلین | رکن |
| ۷۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |

۳۔ کمیٹی نے ۶ / جون، ۲۰۲۴ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں منسلکہ "الف" کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

۱۔ **شق ۲**

شق ۲ میں، پیرا (ج) میں جملہ "شق (ط)" کو جملہ "شق (ی)" سے تبدیل کیا جائے گا۔

۲۔ **شق ۳**

شق ۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۴ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۴ کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۴۔ **بورڈ۔** (۱) بورڈ مشتمل ہو گا:۔

| **نمبر شمار** | **رکنیت** | **حیثیت** |
|---|---|---|
| **(۱)** | **(۲)** | **(۳)** |
| (الف) | ایس او ای ایکٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے ایک نامور اور معروف راست باز شخص کو تعینات کیا جائے گا | چیئرپرسن (خودمختار ڈائریکٹر) |
| (ب) | ڈویژن جسے وفاقی حکومت کے مالیات کے امور مختص کئے جائیں، کا ایڈیشنل سیکرٹری | ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ |
| (ج) | ڈویژن جسے کارپوریشن کے امور مختص کئے جائیں، کا ایڈیشنل سیکرٹری | ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ |
| (د) | کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو آفیسر | ڈائریکٹر (چیف ایگزیکٹو آفیسر) |
| (ہ) | اقلیتی شراکت داروں کی جانب سے مقررہ طریق کار کے ذریعے منتخب کئے جانے والے دو ڈائریکٹرز | ڈائریکٹرز (نجی شراکت دار) |
| (و) | وفاقی حکومت کی جانب سے ایس او ای ایکٹ کی روشنی میں تقرر کئے جانے والے پانچ نامور دیانتدار اور معروف آزاد ڈائریکٹرز | آزاد ڈائریکٹرز |

(۲) بورڈ کا ایک سیکرٹری ہو گا جس کا تقرر ایسے انداز اور ایسی قیود و شرائط جو کہ مقرر کی جائیں، پر کیا جائے گا۔

(۳) ڈائریکٹرز ماسوائے ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے کیا جائے گا اور ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت ڈائریکٹرز کا انتخاب شراکت داروں کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۴) ایس او ای ایکٹ کی دفعہ ۱۲ سے مشروط وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اطلاع نامہ کے ذریعے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد میں اضافہ یا کمی کر سکتی ہے، یہ اس امر سے مشروط ہو گا کہ آزاد اراکین اکثریت میں رہیں اور کورم اسی حساب سے ترتیب دیا جائے گا۔

(۵) کوئی شخص بھی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کا اہل نہیں ہو گا جب تک کہ وہ اپنے نام پر کارپوریشن کے دس ہزار حصص نہ رکھتا ہو۔

۳۔ **نئی شق کی شمولیت**

شق ۴ کے بعد حسب ذیل نئی شق ۵ شامل کر دی جائے گی اور باقی شقات کو حسبہٗ دوبارہ شمار کیا جائے گا، یعنی:۔

"۵۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۵ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، جملہ شرطیہ میں الفاظ "یا بصورت دیگر" کے بعد عبارت "ایس او ای ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے تحت" شامل کر دی جائے گی۔"

۴۔ **شق ۶**

شق ۶ کے طور پر دوبارہ شمار کردہ شق ۷ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۷۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۸ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۸۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر۔** (۱) کارپوریشن کا ایک چیف ایگزیکٹو آفیسر ہو گا جسے وفاقی حکومت تین چوتھائی اکثریت کے ساتھ بورڈ کے تجویز کردہ تین امیدواروں میں سے مقرر کرے گی جس میں ڈویژن جس کو کارپوریشن کا انصرام کار تفویض کیا گیا ہو، کے ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ کا ووٹ شامل ہو گا۔

(۲) بورڈ امیدواروں کی جانچ پڑتال، مختصر فہرست سازی اور انٹرویو کے لئے ایک شفاف مسابقتی اور معروضی طریقہ کار وضع کرے گا۔

(۳) چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تقرری کی شرائط و ضوابط کا تعین بورڈ کرے گا۔

(۴) کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا تقرر کارکردگی کی بنیاد پر تین سال کے معاہدہ کی مدت کے لئے کیا جائے گا جس میں خاطر خواہ تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مزید دو سال کی توسیع کی جا سکتی ہے۔

(۵) چیف ایگزیکٹو آفیسر کی کارکردگی کا جائزہ بورڈ کرے گا۔

(۶) چیف ایگزیکٹو آفیسر ایک بار مقرر ہونے کے بعد وفاقی حکومت کی طرف سے اس کی مدت پورے ہونے سے پہلے ہٹایا نہیں جائے گا ماسوائے بورڈ کی سفارش کے، جس سفارش میں برطرفی کی سفارش کرنے کا جواز پیش کیا گیا ہو۔

۵۔ **شق ۷**

شق ۸ کے طور پر دوبارہ نمبر شمار کردہ شق ۷ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۸۔ **آرڈیننس ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۹ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

3

"۱۹۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر کے اختیارات و فرائض۔** ایس او ای ایکٹ کی تصریحات بشمول اس کی دفعہ ۱۵ کے تابع، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے فرائض سرانجام دے گا جو اس آرڈیننس اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد و ضوابط میں فراہم کئے گئے ہیں۔"

۶۔ **شق ۸**

شق ۹ کے طور پر دوبارہ شمار کردہ شق ۸ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۹۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۲۰ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۰ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۰۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر کے کارہائے منصبی۔** چیف ایگزیکٹو آفیسر۔

(الف) کارپوریشن کے انتظام اور بورڈ کی جانب سے سونپے گئے مالی اور دیگر معاملات کے طریقہ کار کا ذمہ دار ہو گا اور بورڈ کی زیر نگرانی اور ہدایات کا تابع ہو گا۔

(ب) بورڈ کی جانب سے منظور شدہ حکمت عملی کی پالیسیوں کے مناسب نفاذ کو یقینی بنائے گا؛ نیز

(ج) اس امر کو یقینی بنانے کے لئے مناسب انتظامات کرے گا کہ فنڈز اور وسائل کا درست طریقے سے تحفظ کیا جائے اور ان کا استعمال کفایت شعاری، مستعدی اور مؤثر انداز سے ہو، کارپوریشن کے کاروباری منصوبے، کارپوریشن کے بنیادی مقاصد اور دیگر تمام قانونی ذمہ داریوں کے مطابق ہو۔"۔

۷۔ **شق ۱۰**

شق ۱۰، دوبارہ شمار کردہ شق ۱۱ کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۱۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۳ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۳۔ **بورڈ کے اجلاس۔** ایس او ای ایکٹ کی تصریحات بشمول اس کی دفعہ ۲۲ کے تحت بورڈ کے اجلاس کا کورم کم از کم چھ اراکین پر مشتمل ہو گا، جس میں کم از کم تین آزاد ڈائریکٹر اور ایک ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ شامل ہوں، جو ذاتی حیثیت میں یا ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کریں گے۔"۔

۸۔ **شقات ۱۱ اور ۱۲ کو حذف کرنا**

موجودہ شقات ۱۱ اور ۱۲ حذف کر دی جائیں گی۔

(۴) کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب کے طور پر دیئے گئے بل کو قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں منظور کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۷/ جون، ۲۰۲۴ء

دستخط/۔
**(جلال اظہر کیانی)**
چیئرمین
قائمہ کمیٹی برائے بحری امور

منسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# آرڈیننس نمبر ۳ مجریہ ۲۰۲۳ء

# قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء)، میں مزید ترمیم کی جائے؛

اور چونکہ، قومی اسمبلی تحلیل ہو چکی ہے اور سینیٹ کا اجلاس نہیں ہو رہا ہے اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہے؛

لہٰذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رُو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ آرڈیننس پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء) میں، بعدازیں جسے مذکورہ آرڈیننس کے نام سے موسوم کیا جائے گا کی، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ج) میں، لفظ ''چیئرمین''، جہاں کہیں آرہا ہو، لفظ ''چیئرپرسن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ط) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''(ط الف) ''ISOE ایکٹ'' سے ریاستی ملکیتی انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء) مراد ہے؛'' اور

(ج) شق (ی) کو حذف کر دیا جائے گا۔

۳۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ ۳ میں،۔

(الف) موجودہ دفعہ کو اس کے ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر نمبر دیا جائے گا؛ اور

(ب) مذکورہ بالا طور پر نمبر دی گئی، ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲) ذیلی دفعہ (۱) اور اس آرڈیننس کے دیگر دفعہ ، SOE ایکٹ ، بشمول اس کی دفعات ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۹ اور ۲۲ میں شامل کسی امر کے باوصف، اس آرڈیننس کے احکامات لاگو ہوں گے اور اس آرڈیننس اور SOE ایکٹ کے احکامات کے مابین کسی بھی نامطابقت کی صورت میں، SOE کے احکامات رائج ہوں گے۔"۔

۴۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۱۴ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۴ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۴۔ **بورڈ:۔** (۱) بورڈ حسب ذیل پر مشتمل ہوگا۔

| نمبر شمار | رکنیت | حیثیت |
|---|---|---|
| (۱) | (۲) | (۳) |
| (الف) | SOE ایکٹ کی مطابقت میں وفاقی حکومت کی جانب سے تقرر کردہ ممتاز اور معروف دیانتدار شخص | چیئرپرسن (آزاد) |
| (ب) | ڈویژن کا ایڈیشنل سیکرٹری جسے وفاقی حکومت کے مالیات کے اُمور متعین کیے گئے ہوں | نامزد ڈائریکٹر |
| (ج) | ڈویژن کا ایڈیشنل سیکرٹری جسے اس آرڈیننس کے اُمور متعین کیے گئے ہوں | نامزد ڈائریکٹر |
| (د) | کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو افسر | ڈائریکٹر (چیف ایگزیکٹو افسر) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (ہ) | • | مقررہ طریقہ کار میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے منتخب شدہ دو ڈائریکٹرز | ڈائریکٹرز (نجی شیئر ہولڈرز) |
| (و) | | وفاقی حکومت کی جانب سے تقرر کردہ معروف دیانتدار اور ممتاز چار آزاد ڈائریکٹرز | آزاد ڈائریکٹرز |

(۲) بورڈ کے سیکرٹری کا تقرر ایسے طریقہ کار میں اور ایسی قیود و شرائط پر کیا جائے گا جیسا کہ مقررہ ہوں۔

(۳) ڈائریکٹرز، علاوہ ازیں نامزد ڈائریکٹرز کے، کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے کیا جائے گا اور ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت ڈائریکٹر کا انتخاب شیئر ہولڈرز کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۴) SOE ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کے مطابق، وفاقی حکومت، سرکاری جریدے میں اعلان کے ذریعے، بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد میں اضافہ یا کمی کر سکتی ہے۔

(۵) کوئی شخص ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت ڈائریکٹر کے طور پر منتخب کیے جانے کا اہل نہیں ہوگا تاوقتیکہ وہ اپنے نام پر کارپوریشن کے دس ہزار شیئرز نہ رکھتا ہو''۔

**۵۔ آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۱۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۷ کی، شق (ز) میں، لفظ ''چیئرمین'' کو، لفظ ''چیئرپرسن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

**۶۔ آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۸ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''**۱۸۔ چیف ایگزیکٹو افسر:۔** کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو افسر ہوگا جو، SOE ایکٹ کی دفعہ ۱۶ کے مطابق، جس کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے ایسی قیود و شرائط پر کیا جائے گا جیسا کہ جدول سوم میں بیان کیے گئے ہیں۔''۔

**۷۔ آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۱۹ کی تبدیلی:۔** دفعہ ۱۹ بذریعہ ہذا حذف کر دیا گیا ہے اور حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

"۱۹۔ **چیف ایگزیکٹوافسر کے اختیارات اور کارہائے منصبی:۔** SOE ایکٹ، بشمول اس کے دفعہ ۱۵ کی احکامات کے مطابق، چیف ایگزیکٹوافسر ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے گا جیسا کہ اس آرڈیننس میں فراہم کیے گئے ہوں اور جیسا کہ بورڈ کی جانب سے تفویض کیے گئے ہوں"۔

۸۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۲۰ کی تبدیلی۔** دفعہ ۲۰ کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۰۔ **چیف ایگزیکٹوافسر:۔** (۱) SOE ایکٹ کے احکامات کے مطابق، وفاقی حکومت، بورڈ کی جانب سے سفارش کردہ تین امیدواروں میں سے اور جدول سوم میں بیان کردہ طریقہ کار کی مطابقت میں کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹوافسر کا تقرر کرے گی:

مگر شرط یہ ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے چیف ایگزیکٹوافسر کے عہدے کے لیے تین امیدواروں کی مختصر فہرست کے لیے طریقہ کار میں ترمیم کی جاسکتی ہے جیسا کہ جدول سوم میں بیان کیا گیا ہے:

مزید شرط یہ ہے کہ، ایک مرتبہ تقرر کردہ چیف ایگزیکٹوافسر کو، اس کی مدت ملازمت کی تکمیل سے قبل وفاقی حکومت کی جانب سے برطرف نہیں کیا جائے گا سوائے بورڈ کی سفارش پر، جس سفارشات برطرفی کی سفارش کرنے کے لئے جواز پیش کریں گی،

(۲) **چیف ایگزیکٹوافسر۔**

(الف) بورڈ کی نگرانی اور ہدایات کے تابع اور کارپوریشن کے انتظام اور بورڈ کی جانب سے زیر تفویض مالیاتی اور دیگر معاملات میں اس طریقہ ہائے کار کا ذمہ دار ہوگا؛

(ب) بورڈ کی جانب سے منظور شدہ حکمت عملیوں اور پالیسیوں کے مناسب اطلاق کو یقینی بنائے گا؛ اور

(ج) اس امر کو یقینی بنانے کے لیے مناسب انتظامات کرے گا کہ فنڈز اور وسائل مناسب طور محفوظ کیے گئے ہیں اور کفایت شعاری سے، مستعدی سے اور مؤثر طریقے سے اور کارپوریشن کے کاروباری منصوبے کی مطابقت میں، کارپوریشن کے ابتدائی مقصد اور تمام دیگر قانونی ذمہ داریوں کے لیے استعمال کیے گئے ہیں"۔

۹۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۲۲ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۲ میں،

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (الف) میں، عبارت ''چیئر مین، وائس چیئر مین'' کو عبارت ''چیف ایگزیکٹو افسر'' سے تبدیل کردیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(اوّل) لفظ ''چیئر مین'' کو، الفاظ ''چیف ایگزیکٹو افسر'' سے تبدیل کردیا جائے گا؛ اور

(دوم) عبارت ''وائس چیئر مین یا کو'' حذف کردیا جائے گا۔

۱۰۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۲۳ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۳ کو، حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

''۲۳۔ **بورڈ کے اجلاس:۔** SOE ایکٹ، بشمول اس کی دفعہ ۲۲ کے احکامات کے مطابق، بورڈ کے اجلاس ایسے طریقہ کار میں منعقد کیے جائیں گے جیسا کہ ضوابط کی رُو سے مقررہ ہوں''۔

۱۱۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی، دفعہ ۴۰ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۴۰ کو، حسب ذیل سے تبدیل کردیا جائے گا، یعنی:۔

''۴۰۔ **ازالہ مشکلات:۔** اگر اس آرڈیننس کے کسی بھی احکامات کو مؤثر بنانے میں کوئی مشکل پیش آئے تو، وفاقی حکومت ایسا حکم وضع کرسکے گی، جو پاکستان قومی جہازرانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء) اور ریاستی ملکیتی انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء) سے متناقض نہ ہو، جیسا کہ مشکل کا ازالہ کرنے کی غرض سے ضروری دکھائی دے''۔

۱۲۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء میں، جدول سوم کا اضافہ:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، جدول دوم کے بعد، حسب ذیل نئے جدول کا اضافہ کردیا جائے گا، یعنی:۔

# ''جدول سوم

(دیکھیے دفعہ ۲۰)

۱۔ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو افسر کا تقرر کارکردگی کی معاہداتی بنیاد پر، تین سال کی مدت کے لیے کیا جائے گا جس میں حقیقی اطمینان بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مزید دو سال کی مدت کی توسیع کی جاسکتی ہے۔

۲۔ بورڈ کی جانب سے چیف ایگزیکٹو افسر کی سالانہ کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

۳۔ بورڈ چیف ایگزیکٹو افسر کا عہدہ خالی ہونے سے کم از کم تین ماہ قبل چیف ایگزیکٹو افسر کے طور پر امیدوار کی تلاش کا آغاز کرے گا اور،۔

(الف) امیدواران کی نشاندہی کے لیے موزوں افراد تلاش کرنے والی فرم مقرر کر سکے گا؛

(ب) اخباری اشتہار شائع کرنے کے ذریعے درخواست گزاروں سے استدعا کر سکے گا؛ یا

(ج) انفرادی امیدواران سے درخواست دینے کے لیے استدعا کرے گا۔

۴۔ بورڈ درخواست گزاروں کی جانچ پڑتال اور مختصر فہرست کے لیے شفاف اور مقصدی طریقہ کار اپنائے گا۔ مختصر فہرستی امیدواران کا انٹرویو بورڈ کی جانب سے لیا جائے گا تاکہ چیف ایگزیکٹو افسر کے عہدے کے لیے تین ممکنہ امیدواران کی شناخت کی جاسکے

۵۔ سینارٹی کے لحاظ سے تین مختصر فہرستی امیدواران کی حتمی فہرست ایک امیدوار کو کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو افسر کے طور پر وفاقی حکومت سے منظوری کے لیے متعلقہ ڈویژن کو بھیجی جائے گی۔

۶۔ چیف ایگزیکٹو افسر کے عہدے کے لیے قیود و شرائط کا فیصلہ بورڈ کی جانب سے تین چوتھائی اکثریت کے ساتھ کیا جائے گا جس میں نامزد ڈائریکٹرز کے ووٹ شامل ہوں گے''۔

# بیان اغراض ووجوہ

پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (PNSC) کا قیام PNSC آرڈیننس، ۱۹۷۹ء کے تحت کیا گیا تھا، ریاستی ملکیتی انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء مشتہر کرنے کے بعد، یہ تاکید کی گئی کہ PNSC سے بحوالہ عین ماقبل ایکٹ کے اطلاق کو توسیع دی جائے اور بحسبہ PNSC آرڈیننس کو ہم آہنگ کیا جائے۔ بحوالہ عین ماقبل ایکٹ میں صراحت کردہ وفاقی حکومت کے اختیارات مجوزہ پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۳ء میں شامل کیے گئے ہیں۔

۲۔ مذکورہ بالا نقطہ نظر سے، یہ تجویز دی گئی کہ پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن، کراچی کے دفتری اُمور کو بلا رکاوٹ چلانے کے لیے پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء میں ترامیم جاری کی جائیں۔

دستخط/۔

(وزیر انچارج)

ملحقہ-ب

## [قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہر گاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ (۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء)، میں مزید ترمیم کی جائے:

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی دفعہ کی ترمیم۔** پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء (۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء) میں، بعد ازیں جسے مذکورہ آرڈیننس کے نام سے موسوم کیا جائے گا کی، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ج) میں، لفظ "چیئرمین" جہاں کہیں آرہا ہو، لفظ "چیئرپرسن" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) شق (ط) کے بعد، حسب ذیل نئی شق شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

(ط الف) "SOE ایکٹ" سے ریاستی ملکیتی انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۷ بابت ۲۰۲۳ء) مراد ہے:" اور

(ج) شق (ی) کو حذف کر دیا جائے گا۔

۳۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس کی، دفعہ میں:۔

(الف) موجودہ دفعہ کو اس کے ذیلی دفعہ (۱) کے طور پر نمبر دیا جائے گا؛ اور

(ب) مذکورہ بالا طور پر نمبر دی گئی، ذیلی دفعہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) اور اس آرڈیننس کے دیگر دفعہ، SOE ایکٹ، بشمول اس کی دفعات ۱۲، ۱۵، ۱۶، ۱۹ اور ۲۲ میں شامل کسی امر کے باوصف، اس آرڈیننس کے احکامات لاگو ہوں گے اور اس آرڈیننس اور SOE ایکٹ کے احکامات کے مابین کسی بھی نامطابقت کی صورت میں، SOE کے احکامات رائج ہوں گے۔"۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۴ کی تبدیلی ۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۴ کو حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۴۔ **بورڈ۔** (۱) بورڈ مشتمل ہو گا:۔

| نمبر شمار | رکنیت | حیثیت |
|---|---|---|
| (۱) | (۲) | (۳) |
| (الف) | ایس او ای ایکٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے ایک نامور اور معروف راست باز شخص کو تعینات کیا جائے گا | چیئرپرسن (خود مختار ڈائریکٹر) |

| | | |
|---|---|---|
| (ب) | ڈویژن جسے وفاقی حکومت کے مالیات کے امور مختص کئے جائیں، کا ایڈیشنل سیکرٹری | ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ |
| (ج) | ڈویژن جسے کارپوریشن کے امور مختص کئے جائیں، کا ایڈیشنل سیکرٹری | ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ |
| (د) | کارپوریشن کا چیف ایگزیکٹو آفیسر | ڈائریکٹر (چیف ایگزیکٹو آفیسر) |
| (ہ) | اقلیتی شراکت داروں کی جانب سے مقررہ طریق کار کے ذریعے منتخب کئے جانے والے دو ڈائریکٹرز | ڈائریکٹرز (نجی شراکت دار) |
| (و) | وفاقی حکومت کی جانب سے ایس او ای ایکٹ کی روشنی میں تقرر کئے جانے والے پانچ نامور دیانتدار اور معروف آزاد ڈائریکٹرز | آزاد ڈائریکٹرز |

(۲) بورڈ کا ایک سیکرٹری ہو گا جس کا تقرر ایسے انداز اور ایسی قیود و شرائط جو کہ مقرر کی جائیں، پر کیا جائے گا۔

(۳) ڈائریکٹرز ماسوائے ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ کا تقرر وفاقی حکومت کی جانب سے کیا جائے گا اور ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت ڈائریکٹرز کا انتخاب شراکت داروں کی جانب سے کیا جائے گا۔

(۴) ایس او ای ایکٹ کی دفعہ ۱۲ سے مشروط وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں اطلاع نامہ کے ذریعے بورڈ کے ڈائریکٹرز کی تعداد میں اضافہ یا کمی کر سکتی ہے، یہ اس امر سے مشروط ہو گا کہ آزاد اراکین اکثریت میں رہیں اور کورم اسی حساب سے ترتیب دیا جائے گا۔

(۵) کوئی شخص بھی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (ہ) کے تحت بطور ڈائریکٹر منتخب ہونے کا اہل نہیں ہو گا جب تک کہ وہ اپنے نام پر کارپوریشن کے دس ہزار حصص نہ رکھتا ہو۔

۵۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۵ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، جملہ شرطیہ میں الفاظ "یا بصورت دیگر" کے بعد عبارت "ایس او ای ایکٹ کی دفعہ ۱۳ کے تحت" شامل کر دی جائے گی۔

۶۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۱۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۷ کی، شق (ز) میں لفظ "چیئرمین" کو لفظ "چیئرپرسن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۷۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۸ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۸۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر۔(۱)** کارپوریشن کا ایک چیف ایگزیکٹو آفیسر ہو گا جسے وفاقی حکومت تین چوتھائی اکثریت کے ساتھ بورڈ کے تجویز کردہ تین امیدواروں میں سے مقرر کرے گی جس میں ڈویژن جس کو کارپوریشن کا انصرام کار تفویض کیا گیا ہو، کے ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ کا ووٹ شامل ہو گا۔

(۲) بورڈ امیدواروں کی جانچ پڑتال، مختصر فہرست سازی اور انٹرویو کے لئے ایک شفاف مسابقتی اور معروضی طریقہ کار وضع کرے گا۔

(۳) چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تقرری کی شرائط و ضوابط کا تعین بورڈ کرے گا۔

(۴) کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کا تقرر کارکردگی کی بنیاد پر تین سال کے معاہدہ کی مدت کے لئے کیا جائے گا جس میں خاطر خواہ تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مزید دو سال کی توسیع کی جاسکتی ہے۔

(۵) چیف ایگزیکٹو آفیسر کی کارکردگی کا جائزہ بورڈ کرے گا۔

(۶) چیف ایگزیکٹو آفیسر ایک بار مقرر ہونے کے بعد وفاقی حکومت کی طرف سے اس کی مدت پورے ہونے سے پہلے ہٹایا نہیں جائے گا ماسوائے بورڈ کی سفارش کے، جس سفارش میں برطرفی کی سفارش کرنے کا جواز پیش کیا گیا ہو۔

۸۔ **آرڈیننس ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۱۹ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۹ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۱۹۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر کے اختیارات و فرائض۔** ایس او ای ایکٹ کی تصریحات بشمول اس کی دفعہ ۱۵ کے تابع، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے فرائض سرانجام دے گا جو اس آرڈیننس اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد و ضوابط میں فراہم کئے گئے ہیں۔

۹۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء، دفعہ ۲۰ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۰ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۰۔ **چیف ایگزیکٹو آفیسر کے کارہائے منصبی۔** چیف ایگزیکٹو آفیسر۔

(الف) کارپوریشن کے انتظام اور بورڈ کی جانب سے سونپے گئے مالی اور دیگر معاملات کے طریقہ کار کا ذمہ دار ہوگا اور بورڈ کی زیر نگرانی اور ہدایات کا تابع ہوگا۔

(ب) بورڈ کی جانب سے منظور شدہ حکمت عملی کی پالیسیوں کے مناسب نفاذ کو یقینی بنائے گا؛ نیز

(ج) اس امر کو یقینی بنانے کے لئے مناسب انتظامات کرے گا کہ فنڈز اور وسائل کا درست طریقے سے تحفظ کیا جائے اور ان کا استعمال کفایت شعاری، مستعدی اور مؤثر انداز سے ہو، کارپوریشن کے کاروباری منصوبے، کارپوریشن کے بنیادی مقاصد اور دیگر تمام قانونی ذمہ داریوں کے مطابق ہو۔"۔

۱۰۔ **آرڈیننس ۲۰ مجریہ ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۲ کی ترمیم۔** مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۲ میں،

(الف) ذیلی دفعہ (۱) کی شق (الف) میں، عبارت "چیئرمین، وائس چیئرمین" کو عبارت "چیف ایگزیکٹو افسر" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں۔

(اول) لفظ "چیئرمین" کو الفاظ "چیف ایگزیکٹو افسر" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) عبارت "وائس چیئرمین یا" کو حذف کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ **آرڈیننس نمبر ۲۰ بابت ۱۹۷۹ء کی دفعہ ۲۳ کی تبدیلی۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۲۳۔ **بورڈ کے اجلاس۔** ایس او ای ایکٹ کی تصریحات بشمول اس کی دفعہ ۲۲ کے تحت بورڈ کے اجلاس کا کورم کم از کم چھ اراکین پر مشتمل ہوگا، جس میں کم از کم تین آزاد ڈائریکٹر اور ایک ڈائریکٹر بلحاظ عہدہ شامل ہوں، جو ذاتی حیثیت میں یا ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کریں گے۔"۔

# بیان اغراض و وجوہ

پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (PNSC) کا قیام PNSC آرڈیننس، ۱۹۷۹ء کے تحت کیا گیا تھا، ریاستی ملکیتی انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، ۲۰۲۳ء مشتہر کرنے کے بعد، یہ تاکید کی گئی کہ PNSC سے بحوالہ عین ماقبل ایکٹ کے اطلاق کو توسیع دی جائے اور بحسبہ PNSC آرڈیننس کو ہم آہنگ کیا جائے۔ بحوالہ عین ماقبل ایکٹ میں صراحت کردہ وفاقی حکومت کے اختیارات مجوزہ پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۳ء میں شامل کیے گئے ہیں۔

۲۔ مذکورہ بالا نقطۂ نظر سے، یہ تجویز دی گئی کہ پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن، کراچی کے دفتری امور کو بلا رکاوٹ چلانے کے لیے پاکستان قومی جہاز رانی کارپوریشن آرڈیننس، ۱۹۷۹ء میں ترامیم جاری کی جائیں۔

دستخط/۔

(وزیر انچارج)